فیملی مراسلہ

عزیز طالبعلم اور اہل خانہ،

علم ریاضی کا ہمارا اگلا باب نمونہ جات کے تصّور کو آگے بڑھاتے ہوئے جزوضربی، پورے منقسم اعداد، کسور، اعشاری اعداد، اور منفی اعداد میں نمونہ جات کی نشاندہی کرتا ہے- آپ یہ اعداد اپنی روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں-

اس مفروضے کے ساتھ ابتدا کرتے ہیں کہ آپ ایک فیکٹری مں کام کرتے ہیں جس میں مشینوں کی مدد سے گوند، ڈوریوں اور موٹی سیویوں کو مشین کے سامنےکندہ عدد کے مطابق لمبا کیا جاتا ہے- مثال کے طور پر، اگر آپ ملہٹی کے ایک ٹکڑے کی لمبائی میں پانچ گنا اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو آپ 5x والی مشین استعمال کریں گے - بعض مشینوں کی جگہ آپ مشینوں کا ایک مجموعہ استعمال کر کے ایک عدد کے اجزائے ضربی بتا سکتے ہیں- مثال کے طور پر، 10x کی ایک مشین کی جگہ آپ دو مشینوں کا مجموعہ استعمال کر سکتے ہیں- پہلی مشین 2x ہو گی- کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ دوسری مشین کون سی ہو گی؟



کسور اور اعشاری اعداد میں اعداد کے بہت سے نمونے پائے جاتے ہیں- ذیل میں یکساں مخرج والی کسور پر مشتمل ایک نمونہ پیش کیا گیا ہے- اگلے کالم میں موجود اعداد کی نشاندہی کرنے کی کوشش کریں-

کسر	$\frac{1}{5}$	$\frac{2}{5}$	$\frac{3}{5}$	$\frac{4}{5}$	$\frac{5}{5}$	$\frac{6}{5}$	$\frac{7}{5}$	؟
اعشاری عدد	0.2	0.4	0.6	0.8	1.0	1.2	1.4	؟

ان نمونہ جات کی فہم اور عمومی کسور اور ان کے مساوی اعشاری اعداد کی سوجھ بوجھ آپ کو کسور اور اعشاری اعداد کے حساب میں مدد دے گی-

فرہنگ: یہ باب بھی ہمیں کئی نئی اصطلاحات سے متعارف کرواتا ہے- ممکن ہے آپ ان سے واقف ہوں- ان میں سے چند حسب ذیل ہیں:

مطلق قیمت	**عاداعظم**	**مفرد اجزائے ضربی معلوم کرنا**
مرکب عدد	**ذواضعاف اقل**	**مفرد عدد**
مساوی کسور	**مخلوط عدد**	**مفرد اضافی**
طاقت نما	**پورا منقسم عدد**	**مکرر اعشاری عدد**
جزوضربی	**متضاد**	

آپ گھر میں کیا کچھ کر سکتے ہیں؟

کسور اور اعشاری اعداد کا استعمال بہت عام ہے- اپنے طالبعلم کو تلقین کریں کہ وہ روزمرہ زندگی میں کسور اور اعشاری اعداد کے استعمال کی کثیر مثالوں (روپے پیسے کے علاوہ) کی نشاندہی کرے-